15 اگست 2025ء

اسٹیٹ بینک کی جانب سے جشنِ معرکۂ حق کے موقع پر 75 روپے کے یادگاری سکّے کا اجرا

وفاقی حکومت معرکۂ حق میں مسلح افواج کی بہادری کو خراجِ تحسین پیش کرنے اور جشنِ آزادی کے موقع پر 75 روپے کا یادگاری سکّہ جاری کر رہی ہے، جو مندرجہ ذیل دھاتی ساخت، شکل اور خصوصیات کا حامل ہے:

<table>
<tr><td colspan="2">دھاتی ساخت: نکل اور پیتل، تانبہ 79 فیصد، زنک 20 فیصد اور نکل ایک فیصد
قطر: 30 ملی میٹر
وزن: 13.5 گرام</td></tr>
<tr><td>
</td><td>سامنے کا رخ: سکّے کے سامنے کے رخ پر وسط میں بڑھتا ہوا ہلال اور پانچ نوکوں کا ابھرتا ہوا ستارہ ہے، جس کا رخ شمال مغرب کی طرف ہے۔ ستارے اور ہلال کے اوپر سکّے کے کنارے کے ساتھ ساتھ اردو میں ''اسلامی جمہوریہ پاکستان'' کے الفاظ کندہ ہیں۔ چاند کے نیچے اور گندم کی اوپر کی طرف خمیدہ دو بالیوں کے اوپر عددی صورت میں اجرا کا سال 2025 درج ہے۔ ستارے اور ہلال کے دائیں اور بائیں جانب بالترتیب سکّے کی مالیت جلی اعداد میں ''75'' اور اردو رسم الخط میں ''روپیہ'' تحریر ہے۔</td></tr>
<tr><td>
</td><td>پچھلا رُخ: پچھلے رخ پر وسط میں اردو میں ''معرکۂ حق'' اور ہندسوں میں ''2025'' کے الفاظ درج ہیں۔ سکّے کے بالائی کناروں پر اردو میں ''پاکستان ہمیشہ زندہ باد'' رقم ہے۔ سکّے کے پچھلے رخ پر (دائیں اور بائیں جانب) دو لڑاکا طیارے، بحری جہاز، ملٹی پل راکٹ لانچر سسٹم ابھرے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔</td></tr>
</table>

مذکورہ سکّہ اسٹیٹ بینک بینکنگ سروسز کارپوریشن کے فیلڈ دفاتر کے ایکسچینج کاونٹرز پر 15 اگست 2025ء سے دستیاب ہے۔

*****